## سوال

غیر محرم لڑکی سے محبت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر کسی لڑکی کو دل سے پسند کریں، اوراس سے محبت رکھیں توکیا یہ گناہ ہے۔؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیلکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں یہ گناہ والا کام ہے،اورانسان کوزنا جیسے کبیرہ گناہ کی طرف لے جانے والا ہے۔ ہر مسلمان کوچاہیئے کہ وہ شکوک وشبہات سے پاکیزہ عفت وعصمت والی زندگی گزارے۔اگر ممکن ہو توایسی لڑکی کے ساتھ جلد جلد نکاح کرلیا جائے،تاکہ شریعت کی حدود میں رہ کراپنی فطرتی جبلت کی تسکین کی جاسکے۔ ورنہ دل سے اس کے خیالات بھی نکال دئے جائیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث